## بعض عناصر ایک سازش کے تحت کراچی میں امن و بھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضاء کو خراب کرنا چاہتے ہیں۔الطاف حسین

## عوام فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں اور فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو نا کام بنا دیں۔الطاف حسین کی اپیل

## تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام فرقہ ورانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے میں اپنا کردار ادا کریں

## شہر میں امن برقرار رکھنے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں

## کراچی کے علاقے شاہ فیصل کالونی میں دو گروہوں کے درمیان تشدد اور گھیراؤ جلاؤ کے واقعات پر اظہار افسوس

لندن ۔۔۔ 21 فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے علاقے شاہ فیصل کالونی میں دو گروہوں کے درمیان تشدد اور گھیراؤ جلاؤ کے واقعات پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں اور شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو اپنے اتحاد سے نا کام بنا دیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شہر میں کئی برسوں سے عوام کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم ہے اور مختلف فقہوں اور مسالک کے ماننے والے عوام آپس میں بھائی چارے کے ساتھ رہ رہے ہیں لیکن بعض عناصر ایک سازش کے تحت شہر میں امن و بھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی اس خوشگوار فضاء کو خراب کرنا چاہتے ہیں اور شاہ فیصل کالونی میں پیش آنے والے پرتشدد واقعات اسی سازش کا حصہ ہیں۔جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی کہ وہ پرامن رہیں، اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں اور شہر میں فرقہ وارانہ فسادات اور امن و بھائی چارہ کی فضاء کو خراب کرنے کی سازش کو نا کام بنا دیں۔جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام سے بھی اپیل کی کہ وہ شہر میں فرقہ ورانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے میں اپنا کردار ادا کریں۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ شہر میں امن برقرار رکھنے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔

## ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 198 کے کارکن تنویر احمد اعظمی علالت کے باعث انتقال کر گئے، الطاف حسین کا اظہار افسوس

## نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کے نمائندوں کی شرکت

کراچی ۔۔۔ 21، فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ ملیر سیکٹر یونٹ 198 کے کارکن تنویر احمد اعظمی علالت کے باعث انتقال کر گئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی عمر 55 سال تھی اور وہ کئی عرصے سے گردوں کے عارضے میں مبتلا ہونے کے سبب کڈنی سینٹر میں زیر علاج تھے کہ گزشتہ روز ان کی حالت بگڑ گئی اور وہ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔مرحوم نے سوگواران میں بیوہ اور تین بیٹے چھوڑے ہیں۔دریں اثناء مرحوم کو تنویر احمد اعظمی مرحوم کو ماڈل کالونی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر گول گراؤنڈ ماڈل کالونی میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں علاقائی حق پرست اراکین اسمبلی، ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، ملیر سیکٹر کمیٹی کے ارکان، ایلڈرز ونگ کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ملیر سیکٹر کے کارکن تنویر احمد اعظمی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے تنویر احمد اعظمی مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کے کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تنویر احمد اعظمی مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## تنویر احمد اعظمی، ظہیر احمد، غلام محمد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔ 21، فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 198 کے سینئر کارکن تنویر احمد اعظمی، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 78 کے سابق یونٹ انچارج زبیر احمد کے والد ظہیر احمد، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن محمد راشد غوری کے والد غلام محمد اور ایم کیو ایم سکھر زون تعلقہ ناظم محمد نعیم صدیقی کی چچی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## جامعہ کراچی میں غنڈہ عناصر کی جانب سے اساتذہ کرام اور ایمپلائز پر تشدد کا نوٹس لیا جائے، اے پی ایم ایس او

کراچی ۔۔۔ 21، فروری 2009ء ۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین و مرکزی کمیٹی کے اراکین نے جامعہ کراچی میں ایک طلبہ تنظیم سے تعلق رکھنے والے غنڈہ عناصر کی جانب سے جامعہ کے اساتذہ کرام اور ایمپلائز پر بہیمانہ تشدد اور سنگین نتائج کی دھمکیوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے کراچی کے پرامن تعلیمی اداروں کا ماحول خراب کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں مرکزی کمیٹی نے اراکین نے کہا کہ گزشتہ روز جامعہ کراچی میں چند غندہ عناصر نئے سال کی کلاسز کے آغاز میں تعلیمی ماحول کو سبوتاژ کرنے کیلئے جامعہ کراچی کے ایمپلائز و اساتذہ کرام کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا اور انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دی۔انہوں نے کہا کہ غنڈہ عناصر کی جانب سے اساتذہ کرام اور ایمپلائز پر بہیمانہ تشدد سے اساتذہ کرام اور ایمپلائز میں شدید خوف و ہراس پایا جارہا ہے اور انہیں اپنے فرائض کی انجام دہی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے جس کے باعث تعلیمی ماحول متاثر ہورہا ہے۔اے پی ایم ایس او کے چیئرمین و مرکزی کمیٹی کے اراکین نے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ جامعہ کراچی میں غنڈہ عناصر کی جانب سے اساتذہ کرام اور ایمپلائز پر تشدد کے واقعے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائے اور پرامن تعلیمی ماحول خراب کرنے والے غنڈہ عناصر کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ غریب و متوسط کی نمائندہ جماعت ہے، انچارج و اراکین سکھر زون

## یوسی 3 سکھر زون میں آفس کے افتتاحی تقریب سے خطاب

سکھر ۔۔۔ 21، فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ غریب و متوسط کی نمائندہ جماعت ہے جو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریئے پر عمل پیرا ہو کر فرسودہ جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے خاتمے اور ملک کی تعمیر و ترقی، غریب عوام کی فلاح و بہبود اور ان کے جائز حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ان خیالات کا اظہار سکھر زون کے زونل انچارج قطب الدین، جوائنٹ انچارج طاہر بندھانی و اراکین زونل کمیٹی نے سعید قریشی، منصف خان اور عبدالستار ملک نے سکھر زون یوسی 3 کے یونٹ آفس کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔قبل ازیں انہوں نے فیتہ کاٹ کر یونٹ آفس کا باقاعدہ افتتاح کیا اور تحریک کی کامیابی، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت و تندوستی اور درازی عمر کیلئے دعائیں کیں۔اس موقع پر یوسی 3 کے انچارج و اراکین سمیت کارکنان اور ہمدرد عوام کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔انچارج و اراکین زونل کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ غریب و متوسط طبقے کے غصب شدہ حقوق کے حصول کی جدوجہد کا درس دیا ہے اور ملک کو فرسودہ جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام سے نجات دلانے کیلئے ایم کیو ایم کی شکل میں عملی جدوجہد کا آغاز کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس جدوجہد میں ہمارے ہزاروں شہداء کا لہو شامل ہے اور انہی کی قربانیوں کی بدولت الحمداللہ آج متحدہ قومی موومنٹ کا پیغام ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے اور آج ایم کیو ایم کی جدوجہد میں تمام قومیتوں کے لوگ شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے جو بھی پیشن گوئیاں کیں وہ وقت اور حالات کے ساتھ سچ ثابت ہوئی اور یہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سیاسی بصیرت ہی ہے جس کی بدولت آج سندھ دھرتی میں سندھی اور اردو بولنے والوں کا فرق ہمیشہ کیلئے ختم ہوگیا ہے۔

## ایم کیو ایم نظریاتی تحریک ہے، الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی و عملیت پسندی ملک بھر میں پھیل چکا ہے، کراچی مضافاتی کمیٹی

کراچی ۔۔۔ 21، فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر و اراکین یار محمد کھوسہ اور الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک مکمل نظریاتی تحریک ہے جو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی و عملیت پسندی کی روشنی میں منزل کی طرف بڑھ رہی ہے، نظریاتی تحریکیں کسی مشن و مقصد کے حصول کیلئے جنم لیتی ہے جس میں شامل نظریاتی بنیادوں پر مستحکم پختہ و مضبوط کارکنان کسی بھی تحریک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت اولڈ لیاری سیکٹر علامہ اقبال کالونی یوسی 11 اور جہان آباد یونٹ میں کارکنان کی تربیتی نشستوں سے خطاب کے موقع پر کیا۔تربیتی نشستوں میں علامہ اقبال کالونی یوسی 11 اور جہان آباد یونٹ کے ذمہ داران و کارکنان کے علاوہ دیگر یونٹوں کے عہدیداران نے بھی شرکت کی۔اپنے خطاب میں کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج و اراکین نے کہا کہ کارکنان خود کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات و تربیت، تحریک کے نظم و ضبط اور ضابطہ اخلاق کی پاسداری پر عمل پیرا ہو کر قائد تحریک کے سچے اچھے اور جاں نثار ساتھی بن سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نظریاتی تحریکیں انفرادی مفادات کے حصول کیلئے نہیں بلکہ اجتماعی مفادات کے حصول کیلئے کام

کرتی ہیں اور ایم کیو ایم بھی ایک مکمل نظریاتی تحریک ہے جو غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے قائد تحریک کے نظریئے کی روشنی میں کام کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی کی واضح مثال یہ ہے کہ لیاری میں جہاں ایم کیو ایم کا نہ کوئی رکن اسمبلی ہے اور نہ ہی ٹاؤن ناظم، یوسی ناظم اور کونسلر ہے لیکن عملیت پسندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے لیاری میں جو کہ تیس سال سے پینے کے صاف پانی جیسی بنیادی سہولت سے محروم تھا ایم کیو ایم کی حق پرست قیادت نے یہاں پانی فراہم کیا اور لیاری کے غریب عوام کا درینہ مسئلہ حل کیا۔انہوں نے کارکنان پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ خود کو نظریاتی بنیادوں پر مستحکم کرنے کیلئے ایم کیو ایم کے فکر و فلسفے پر عمل کریں اور قائد تحریک الطاف حسین کے خطاب اور تنظیمی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت لیاقت آباد میں انسداد ہیپاٹائٹس بی سے بچاؤ کی گیارہ روزہ مہم

## سید شعیب احمد بخاری نے مفت کیمپ کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لیا،عوام کی کیمپ کے انعقاد میں گہری دلچسپی

کراچی ۔۔۔ 21، فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ صحت مند معاشرے کے قیام اور غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو بنیادی طبّی سہولیات کی فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد ہیپاٹائٹس بی کیلئے لگائے گئے گیارہ روزہ مفت طبّی کیمپ کے دورے کے موقع پر کیا۔لیاقت آباد کے علاقے یونٹ 161 میں طبّی امدادی کیمپ میں علاقے کے سینکڑوں افراد کو ہیپاٹائٹس بی سے بچاؤ کے ٹیکے مفت لگائے گئے جبکہ امدادی کیمپ کے انعقاد کا سلسلہ لیاقت آباد کے مختلف علاقوں میں جاری ہے۔قبل ازیں سید شعیب احمد بخاری ایڈوکیٹ نے یونٹ 161 میں ہیپاٹائٹس بی سے بچاؤ کیلئے کیمپ کا افتتاح کیا اس موقع پر ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ کے رکن عبدالقادر لاکھانی بھی موجود تھے۔طبّی امدادی کیمپ پر انگارہ گوٹھ، الیاس گوٹھ، بی ایریا، بی ون ایریا اور اے ایریا کے رہائشی عوام کا زبردست جوش خروش دیکھنے میں آیا اور لوگوں نے اپنی اہل خانہ کے ہمراہ کیمپ پہنچ کر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی طبّی سہولیات سے استعفادہ کیا اور ہیپاٹائٹس بی کے ٹیکے مفت لگوائے۔اس موقع پر سید شعیب احمد بخاری نے کہا کہ ایم کیو ایم غریب عوام کی بلاتفریق رنگ ونسل خدمت پر یقین رکھتی ہے اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہیپاٹائٹس بی سے بچاؤ کیلئے چلائی جانے والی گیارہ روزہ انسداد ہیپاٹائٹس کی مہم بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد صحت مند معاشرے کے قیام اور عوام میں پھیلنے والی موزی بیماریوں سے محفوظ رکھنا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کی بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان، مسلک اور مذہب عملی خدمت ہی ایم کیو ایم کا نصب العین ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن گزشتہ کئی دہائیوں سے دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کررہا ہے اور خدمت خلق فاؤنڈیشن فلاحی سرگرمیوں کو عالمی سطح پر سراہا جارہا ہے

## سماء ٹی وی نیوز چینل کے سینئر اسائمنٹ ایڈیٹر ومعروف شاعر اور افسانہ نگار عزیز اعظمی کے انتقال پر الطاف حسین، رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔ 21، فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سماء ٹی وی نیوز چینل کے سینئر اسائمنٹ ایڈیٹر ومعروف شاعر اور افسانہ نگار عزیز اعظمی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے عزیز اعظمی مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اور شعبہ اطلاعات کے ارکان نے بھی سماء ٹی وی نیوز چینل کے سینئر اسائمنٹ ایڈیٹر ومعروف شاعر اور افسانہ نگار عزیز اعظمی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆